11517- حلال اور حرام میں استعمال ہونے والا پروگرام تیار کرنا

سوال

میں ایک کمپنی کی ویب سائٹ ڈیزائن یا اس کے لیے کمپیوٹر پروگرام تیار کرنا چاہتا ہوں، مجھے علم ہے کہ اس کمپنی کے کچھ کام حلال اور کچھ حرام ہیں.

توکیا میرے لیے یہ کام کرنا جائز ہے، یہ علم میں رکھیں کہ میں خود تو حرام کام نہیں کرونگا، بلکہ صرف پروگرام تیار کرونگا یا ویب سائٹ ڈیزائن اور اسے وہ اپنے کام میں استعمال کرینگے ؟

پسندیدہ جواب

ہم نے یہ سوال
فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے رکھا تو ان کا جواب تھا :

اگر تو کمپنی کے کام غالب طور پر
حرام ہیں؛ تو اس کے لیے یہ کام کرنا جائز نہیں.

اور اگر کمپنی کے کاموں میں زیادہ
کام مباح اور جائز ہیں اور یہ غالب ہیں؛ تو اس کے لیے ایسا کرنا جائز ہے.

اور اگر دونوں کام برابر ہیں تو پھر
بچاؤ کو مد نظر رکھتے ہوئے تغلیبا یہ کام نہ کرے. انتہی.

واللہ اعلم.